صدری اعمال
و
خزینہ حاضرات
حصہ دوم
مصنف
مولانا محمد اسحاق نقشبندی غفرلہ
فاضل جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑپکا

﴿جملہ حقوق محفوظ ہیں﴾

کتاب کا نام:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صدری اعمال و خزینہ حاضرات (حصہ دوم)

مصنف:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مولانا محمد اسحاق نقشبندی غفرلہ

صفحات:۔۔118

اشاعت ـــ 2019

کتاب ملنے کا پتہ: ـــــــــــــــاس نمبر پر رابطہ کر لیں نمبر بند ہونے کی صورت میں

اسی نمبر پر واٹس ایپ کر دیں0348-6362824

تمہید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم امابعد

یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حباللہ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالی کے نام سے جو رحمن رحیم ہے تمام تعریفیں اُس ذات کیلیئے ہیں جو دونوں جہانوں کا مالک ہے جو واحد ہے جسکا کوئی شریک نہیں ہے طویل عرصے سے میری یہ خواہش تھی کہ اپنی زندگی میں جن اعمال سے مجھے فائدہ ہوا ہے اور بارہا کے آزمائے ہوئے مجرب اور صدری نایاب اعمال مخلص عاملین کی خدمت میں کتاب کی شکل میں پیش کیے جائیں تاکہ وہ بھی مستفید ہو سکیں اور خلق خدا کے لیے روشنی کی کرن ثابت ہوں اس سلسلے میں صدری اعمال وخزینہ حاضرات کا پہلا حصہ قارئین کی نظر کر چکاہوں الحمدللہ جن ساتھیوں کےپاس پہلا حصہ موجود ہے وہ اُس سے خوب فائدہ اٹھا رہے ہیں آئے دن کسی نہ کسی ساتھی کی طرف سے کوئی نہ کوئی اچھی کارگزاری سننے کو ملتی ہے پہلے حصے میں جادو وجنات سلب و پلٹ کے بہترین اور مجرب ترین اعمال پیش کیے گئے تھے ابھی دوسرا حصہ بھی اللہ تعالی کے فصل وکرم سے آپ کے سامنے پیش خدمت ہے جس میں حب وزبان بندی کے اعمال کے ساتھ ساتھ بہت سارے ایسے صدری نایاب اعمال دیے گئے ہیں جو شاید ہی کوئی استاد اپنے شاگرد کو ایسے اعمال آسانی سے دے الا ماشاءاللہ ورنہ اکثر عاملین کو تو ایسے اعمال کی ہوا تک نہیں لگی ہوگی

زیادہ تر عاملین ان دو معاملات میں ناکام نظر آتے ہیں اور ان اعمال کے حصول کے لیے دَر دَر کی ٹھوکریں کھاتے نظر آتےہیں سوائے وقت وپیسہ برباد کرنے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا ایسا بھی ہوتا ہے کہ بسا اوقات بعض عاملین اپنے شاگردوں کو بہت سارے اعمال تو دےدیتے ہیں لیکن وہ یا تو نا مکمل ہوتے ہیں یا درست اور مکمل طریقہ شاگرد کو نہیں بتایا جاتا جسکی وجہ سے شاگرد ایسے اعمال میں ہمیشہ ناکام اور احساس کمتری کا شکار رہتا ہےاعمال دینے کے بارے میں بخل بہت پرانا چلا آرہا ہے میری کتاب صدری اعمال وخزینہ حاضرات حصہ دوئم کا مقصد اسی بخل کو توڑنا ہے تاکہ ایسے اعمال ہر عامل کی دسترس میں ہوں اور ہر عامل اجڑتے گھر بسانے کا سبب بنتا رہے لوگوں میں محبتیں بانٹےگھروں میں سکون کی امیدیں پیدا ہوں میاں بیوی ہنسی خوشی زندگی گزاریں خاندانوں میں اتفاق اتحاد محبتیں پیدا ہوں اور اپنی عادات سے مجبور لوگ جو دوسروں کے لیے سخت تکلیف کا باعث بنتے ہیں ان کی زبانیں بند ہوں اور خلق خدا کو سکون کے سانس نصیب ہوں اللہ سے دعا ہے کہ میری یہ کوشش کامیاب ہو اور مخلوق خدا کے لیے نافع بنے آمین

مولانا محمد اسحاق نقشبندی غفرلہ

تقریظ

حضرت اقدس حضرت مولانا قاری محمد امین نقشبندی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

خلیفہ مجاز حضرت اقدس حضرت الشیخ مولانا محمد نواز سیال صاحب مدظلہ العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ قادریہ حنفیہ ملتان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علٰی رسولہ الکریم اَمَّا بَعْدُ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

برخوردار مولوی محمد اسحاق نقشبندی نے بڑی محنت کے ساتھ وہ اعمال عاملین کے سامنے پیش کیئے ہیں جو کہ مجرب اور قرآنی اعمال ہیں اور عاملین کیلئے بہت مفید ہیں مولانا نے عاملین کے سامنے وہ اعمال پیش کیئے ہیں جو کہ عام طور پر عاملین چھپاتے ہیں اور ایسے اعمال دل میں مخفی رکھ کر دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں مولانا نے فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ تمام مخفی اور مجرب اعمال عاملین کے سامنے پیش کر دیئے ہیں اللہ تعالی مولانا کی اس جہد مسلسل کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور مزید ترقیوں سے نوازے میں امید کرتا ہوں عاملین حضرات ان اعمال کو غیر شرعی امور میں کبھی بھی استعمال نہیں کریں گے ورنہ خسر الدنیا والآخرہ کا مصداق بن جائیں گے اللہ تعالی ہم سب کو اپنی اور اپنے محبوب مدنی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور رضاء اور خاتمہ بالخیر نصیب فرمائے آمین یارب العالمین

والسلام

احقر محمد امین نقشبندی غفرلہ

عکس تحریر

حضرت الشیخ حضرت اقدس حضرت مولانا قاری محمد امین نقشبندی صاحب دامت برکاتھم العالیہ

خلیفہ مجاز حضرت اقدس حضرت الشیخ مولانا محمد نواز صاحب دامت برکاتھم العالیہ

بیادگار پیر طریقت حضرت مولانا عبدالحی بھلوی رحمۃ اللہ علیہ شجاع آباد

ملحق وفاق المدارس العربیہ پاکستان

اہلسنت والجماعت کی عظیم دینی درسگاہ

جامعہ حیدریہ ضیاء العلوم (رجسٹرڈ)

یٰسین کالونی فقر شاہ ٹھل بوہڑ تحصیل میلسی ضلع وہاڑی پنجاب (پاکستان)

جامعہ ہذا و شاخ مدرسہ اصحاب صفہ قادر پور چمنہ تحصیل کہروڑپکا اکابر علماء کرام و مشائخ عظام و تبلیغی احباب کی سرپرستی میں کام کر رہا ہے

زیر اہتمام: بانی و مہتمم مولانا قاری محمد امین فاضل جامعہ باب العلوم کہروڑپکا

Ph:067-3450317,Mob:0300-7732850,0301-7939983

حوالہ نمبر

تاریخ ۱۰ محرم الحرام ۱۴۴۰ھ
21-9-2018

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم اما بعد
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

برخوردار مولوی محمد اسحاق نقشبندی نے بڑی محنت کے ساتھ وہ اعمال عاملین کے سامنے پیش کیئے ہیں جو کہ مجرب اور قرآنی اعمال ہیں اور عاملین کیلئے بہت ہی مفید ہیں مولانا نے عاملین کے سامنے وہ اعمال پیش کیئے ہیں جو کہ عام طور پر عاملین چھپاتے ہیں اور ایسے اعمال دل میں مخفی رکھ کر دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں مولانا نے فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ تمام مخفی اور مجرب اعمال عاملین کے سامنے پیش کر دیئے ہیں اللہ تعالیٰ مولانا کی اس جہد مسلسل کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور مزید ترقیوں سے نوازے میں امید کرتا ہوں عاملین حضرات ان اعمال کو غیر شرعی امور میں کبھی بھی استعمال نہیں کریں گے ورنہ خسر الدنیا والآخرۃ کا مصداق بن جائیں گے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی اور اپنے محبوب مدنی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور اطاعت اور خاتمہ بالخیر نصیب فرمائے۔ آمین یا رب العالمین

والسلام

احقر محمد امین غفرلہ

حیدریہ ضیاء العلوم (رجسٹرڈ)
... ٹھل بوہڑ تحصیل میلسی (وہاڑی)
الحاق نمبر 1138
0300-7732850

فہرست

تمہید 3

تقریظ 5

عکس تحریر 6

تقریظ 12

عکس تحریر 13

تقریظ 14

عکس تحریر 15

فصل اول

اعمال حب کے متعلق ہدایات 17

فصل دوم

اعمال حب کے مجربات و بندہ ناچیز کے سینے کے راز و تجربات 21

فصل سوئم

عامل کے اعمال نہ چلنے کی وجوہات 25

فصل چہارم

اعمال چلانے کے اسرار 28

فصل پنجم

حب وزبان بندی کے نقوش چلانے کا تیر بہدف خاص عمل............................ 32

فصل ششم

3 دن والا حب کا خاص عمل 35
گیارہ دن میں روٹھی بیوی کو واپس لانے کا خاص عمل........................ 38
اکیس دن والا من پسند شادی کا خاص عمل 42
بکرے کے دل والا حب کا خاص عمل 45
بکرے کے دل والا حب کا دوسرا خاص عمل 48
تین دن میں محبوب کو تڑپا دینے والا خاص چراغ 50
نفرتوں کو محبتوں میں بدلنے والا خاص عمل 52
خاندان میں باہمی محبت کیلئے.. 54
روٹھی بیوی کو واپس لانے کا حب کا مجرب ترین عمل 55
گھریلو ناچاقیوں کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل 56
حب کا خاص الخاص عمل.. 58

من پسند رشتے کیلئے تین دن کالاجواب عمل 59

روٹھے ہوؤں کوواپس لانے کیلئے گڑوالا خاص عمل 61

اسماء الہیہ کا حب کیلئے جامع عمل 64

گھریلو جھگڑوں کو خوشیوں میں بدلنے والا خاص عمل...................... 66

من پسند شادی کیلئے مجرب ترین عمل 68

محبوب کو بے قرار کرنے کا عمل 70

محبوب کو تڑپانے کیلئے گیارہ دن کا حب کا خاص عمل 72

بھٹکے شوہر کو راہ راست پر لانے کیلئے گیارہ دن کا خاص عمل 74

مطلوب کا طلب گار بنانے والا عمل.............................. 75

حب کا خاص عمل 76

من پسند شادی کیلئے مجرب ترین عمل 77

حب کا ہمارا خاندانی عمل اس عمل کی زکات وطریقہ استعمال.................. 79

محبوب کو بے چین کرنے کا حب کا خاص الخاص عمل 81

طلاق رکوانے کا خاص عمل 84

روٹھی بیوی کو واپس لانے کا عمل 85

من پسند کی شادی کا انمول عمل 86

لونگ الائچی والا حب کا خاص عمل 88

پیغام نکاح.. 90

حب کا خاص عمل.. 91

گیارہ دن میں مطلوب کو حاضر کرنے کا خاص عمل 92

میاں بیوی میں محبت کیلئے خاص عمل 93

گھریلو ناچاقیوں کو محبتوں میں بدلتا دیکھیں 94

عمل برائے حب 95

مطلوب کو بے قرار کرنے کا عمل.. 96

حب کا خاص عمل.. 97

حب کا عمل 98

حب کا خاص عمل.. 98

فصل ہفتم

زبان بندی کا خاص عمل.. 100

دشمن کی زبان بندی کا عمل 102

عمل برائے زبان بندی 103
دشمن کی زبان بندی کا مجرب عمل 104
زبان بندی کا نایاب عمل 106
ایمرجنسی زبان بندی کا عمل 109
زبان بندی کا قہر بہدف مجرب عمل 110
زبان بندی کا جامع عمل 111
زبان بندی کا خاص عمل 113
زبان بندی کا کراماتی عمل 115
زبان بندی کا خاص تحفہ 115
حرف آخر 117

مولانا محمد اسحاق نقشبندی غفرلہ

اعمال حب کے متعلق ہدایات

حب کے اعمال کرنے سے پہلے ان ہدایات پر عمل ضرور کریں۔

1. حب کا عمل کرنے سے پہلے مطلوبہ شخص کی تشخیص ضرور کریں۔

2. حب کے اعمال عروج ماہ کے ایام میں کرنے چاہیں خصوصا بدھ جمعرات جمعہ اور پیر کے دن حب کے اعمال کیئے جائیں تو بہت ہی اچھا ہے۔

3. اور کوشش کریں ساعات کا بھی خیال رکھیں حب کے اعمال مشتری قمر زہرہ کی ساعات میں کرنے سے فوری رزلٹ ملتا ہے۔

4. جن دو فریقین میں حب کا عمل کررہے ہیں بالخصوص لڑکے اور لڑکی کے رشتے کے متعلق حب کا عمل کرنے سے پہلے استخارہ کرلیا جائے آیا ان دونوں کا رشتہ بہتر رہے گا یا نہیں رہے گا اگر رشتہ بہتر رہے گا تب تو عمل کیا جائے اگر رشتہ بہتر نہیں رہے گا اسکے باوجود حب کا عمل کیاگیا تو اکثر ایسے اعمال رجعت کاسبب بن جاتے ہیں۔

اعمال حب کے بخورات وبندہ ناچیز کے سینے کے راز وتجربات

بخورات کا استعمال اعمال کے اندر ایک نہایت ضروری پہلو ہے جسکو عام طور پر عاملین حضرات نظر انداز کردیتے ہیں اکابرین نے ہر عمل کیلئے الگ اقسام کے بخورات کو منتخب کیا ہے جسکی وجہ سے عمل میں کامیابی کی تاثیر پیدا ہوجاتی ہے جیساکہ رئیس العاملین حضرت غوث محمد گوالیاری رح نے جواہر خمسہ میں اور امام العاملین شیخ المشائخ ابوالعباس احمد البونی نے اپنی شہرہ آفاق کتاب شمش المعارف میں لکھا ہے چونکہ حب کے اعمال ساعات مشتری وزہرہ وقمر میں کیئے جاتے ہیں لہذا عامل کو چاہیئے حب کے اعمال انہی ساعتوں میں کرے اور اسی ساعات کے متعلقہ بخود جلائے جسکی تفصیل مندر جہ زیل ہے۔

مشتری عود مشک

زہرہ عود صندل سفید

قمر عود کافور

یہ وہ بخورات ہیں جنکا ذکر جواہر خمسہ وشمس المعارف اسکے علاوہ
دیگر کتابوں میں بھی آیا ہے مگر مولف کا تجربہ اس بارہ میں یہ ہے
کہ تمام بخورات سے بہتر ہے کہ صرف عود کا استعمال کیا جائے
کیونکہ عود کو آپ علیہ السلام نے بھی پسند فرمایا ہے اور آپ علیہ
السلام بھی کبھی خالص عود اور کبھی کافوری عود استعمال فرمایا کرتے
تھے۔ جیسا کہ حدیث پاک میں آتا ہے۔

أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ أَبُو طَاهِرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ
أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا اسْتَجْمَرَ
اسْتَجْمَرَ بِالْأَلُوَّةِ غَيْرَ مُطَرَّاةٍ وَبِكَافُورٍ يَطْرَحُهُ مَعَ الْأَلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هَكَذَا
كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: احمد بن عمرو بن سرح ابوطاہر، ابن وہب، مخرمہ، وہ اپنے
والد سے، نافعؒ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر جس
وقت خوشبو لگاتے تو وہ عود (نامی خوشبو کا) دھواں لیتے اور اس

کبھی کافور عود (نامی میں دوسری کوئی اور خوشبو نہ لگاتے اور پھر فرماتے کہ رسول کریم ﷺ خوشبو) میں شامل فرماتے اور پھر فرماتے کہ رسول کریم ﷺ نے اسی طرح بھی خوشبو لگائی ہے (سنن نسائی حدیث نمبر 5135 ص 283)

عامل کو چاہیئے کہ سب سے پہلے اپنے لباس کو عود کے عطر سے معطر کرے اور عود سے تیار شدہ اگر بتی یا عود کی لکڑی کا چراغ روشن کرے اس بات کا خیال رکھا جائے کہ دوران عمل جب تک عامل عمل کرتا رہے یا نقش لکھتا رہے بخور مسلسل جلتا رہے بند نہ ہونے پائے امید ہے جو عامل ان شرائط کے مطابق عمل کرے گا اللہ تعالی اسے ضرور کامیابی سے ہم کنار کرے گا۔

عامل کے اعمال نہ چلنے کی وجوہات

عامل کے اعمال نہ چلنے کی ویسے تو بہت ساری وجوہات ہیں مگر ان میں سے جو اہم ترین وجوہات ہیں بتارہا ہوں ملاحظہ فرمائیں۔

1. سب سے بڑی وجہ عامل کا مسنون اعمال کی پابندی نہ کرنا اور کبائر گناہوں کا مرتکب ہونا ہے مثلا جھوٹ غیبت چغل خوری فحش بد نظری کے علاوہ ایسے غیر شرعی امور میں ملوث ہونا جنکا شمار کبائر گناہوں میں ہوتا ہے جب عامل کبائر گناہوں میں ملوث ہوتا ہے تو اعمال کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے اور دوسری بات یہ ہے جب عامل کبائر گناہوں میں ملوث ہوتا ہے تو جو روحانی مخلوق نے کام کرنا ہوتا ہے تو وہ روحانی مخلوق عامل سے دور ہوجاتی ہے جب روحانی مخلوق ہی عامل سے دور ہوگئی تو یقینا عمل ناکام ہی ہوگا۔

2. اپنے آپ پر اور اپنے اعمال پر یقین کا نہ ہونا شک شبہ میں عمل کرنا آیا کہ یہ عمل کامیاب ہوگا یا نہیں ایسے شک شبہ میں کیا ہوا عمل کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔

3. عامل کا اپنے شیخ پر بداعتمادی کا اظہار کرنا اپنے شیخ کے متعلق دل میں بغض رکھنے سے اعمال کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے جسکی وجہ سے عامل کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

4. اپنی روحانی قوت وطاقت سے بڑھ کر بڑا عمل کرنا۔

5. اعمال کی شرائط کا خیال نہ رکھنا۔

6. عامل کا خود رجعت وبندش کا شکار ہونا۔

7. عامل کا خود جادو وجناتی مسائل کا شکار ہونا۔

اسکے علاوہ بھی بہت سی وجوہات ہیں جنکو میں نے اہم سمجھا وہ آپ احباب کی نظر کردی ہیں۔

اعمال چلانے کے اسرار

جو عاملین حضرات ہمیشہ یہ شکوہ کرتے نظر آتے ہیں کہ ہم عمل تو کرتے ہیں مگر ہر بار ہمارا عمل ناکام ہوجاتا ہے اعمال ناکام کیوں ہوتے ہیں ؟؟ اسکی وجہ پہلے ذکر کرچکا ہوں جو بھی عامل میری مندرجہ زیل ہدایات پر عمل کرلے گا اسکے اعمال نہ صرف چلے گیں بلکہ دوڑے گیں اور عمل میں یقینا سوفیصد کامیابی ملے گی ان شاءاللہ۔

1. سب سے پہلے عامل کو چاہیئے کہ مسنون اعمال کی پابندی کرے اور فرائض کا اہتمام کرے۔

2. عمل کرتے وقت اپنے آپ پر اور اپنے عمل پر کامل یقین رکھے اور مکمل یکسوئی سے عمل کرے عمل کرتے

وقت اپنے آپ اور اپنے عمل پر اتنا پختہ یقین ہو کر

میں نے اِدھر عمل کیا اور اُدھر کام ہو گیا الغرض

سوفیصد کامل یقین کے ساتھ عمل کرے شک شبہ میں

عمل کرنے والا کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔

3. فرائض کا خاص اہتمام کریں جو لوگ فرائض کا

اہتمام نہیں کرتے تو عمل بے اثر ہوتے ہیں۔

4. رزق حلال کا اہتمام کریں مالک رازی ہو گا تو کام آٹو

میٹک بنے گا۔

5. حرام کاموں سے بچیں وہ کام جنکو شریعت نے حرام

قرار دیا ہے انکا ارتکاب روحانیت کو نقصان دیتا ہے اور

ایسی صورت میں عمل کارگر ثابت نہیں ہوتا۔

6. عمل پڑھتے وقت الفاظ واعراب کا خاص خیال رکھیں بصورت دیگر معنی مفہوم بھی بدل جاتا ہے اور عمل کامیاب بھی نہیں ہوتا۔

7. طہارت کا خاص خیال رکھیں۔

اپنی طہارت کے ساتھ ساتھ جس جگہ علاج کرنے بیٹھتے ہیں وہ جگہ بھی پاک صاف رکھیں چند اہم ترین ہدایات آپ احباب کی نظر کردی ہیں جو عامل ان ہدایات پر عمل کرلے گا اسکوناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا

حب وزبان بندی کے نقوش چلانے کا تیر بہدف خاص عمل

وہ عاملین حضرات جنکا ہمیشہ یہ شکوہ رہتا ہے کہ ہمارے نقوش کام نہیں کرتے تو ایسے عاملین حضرات کیلئے ایک نایاب صدری تحفہ دینے لگا ہوں ایسا عمل جس کے کرنے سے حب وزبان بندی کے نقوش ایسے گولی کی طرح چلیں گے کہ آپ خود حیران رہے جائیں گے اور سوچنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ باالآخر ایسی کونسی خامی تھی جس کی وجہ سے ہمارے نقوش کام نہیں کرتے تھے ؟؟ اتنے حیران کُن نتائج دیکھنے کو ملے گے۔ ان شاءاللہ ایسا راز آج تک کسی نے بھی نہیں دیا ہو گا آج وہ سینے کا راز صدری عمل آپ احباب کی نظر کر رہا ہوں میرے بتائے ہوئے عمل وطریقے کے مطابق عمل کریں نہ ہوتے کام بھی ہوتے دیکھیں ان شاءاللہ۔

عمل

کرتے ہوئے اول تین دن تک جگہ وقت مقرر خوشبو کا استعمال کرتے ہوئے اول تین دن تک جگہ وقت مقرر

اکیس بار سورت آخر گیارہ بار درود ابراہیمی درمیان میں اکیس بار سورت

اخلاص مزمل اکیس بار سورت قریش اکیس بار سورت اخلاص

سات بار سورت بروج پڑھ کر مصری اور کالی مرچوں پر

دم کردیں مصری پیس کر زعفرانی سیاہی میں ڈال دیں اور کالی

مرچیں پیس کر کالی سیاہی میں ڈال دیں جب حب کا تعویز لکھنا

ہو تو انار کی لکڑی کی قلم بنا کر زعفرانی سیاہی سے لکھیں اور جب

زبان بندی کا تعویز لکھنا ہو تو نیم کی لکڑی کی قلم بنا کر کالی سیاہی

سے لکھیں اور کام ہو تا دیکھیں ان شاءاللہ

3 دن والا حب کا خاص عمل

یہ حب کا بہت ہی خاص الخاص عمل ہے اسمیں

جتنی محنت ہے اس سے کئی گنا زیادہ رزلٹ آتا ہے

3 دن کے اندر اندر مطلوب طالب سے رابطہ کرلیتا

ہے یا رابطے کی کوئی ترتیب بن جاتی ہے اس عمل

کو جائز امور میں استعمال کرنا ہے غیر شرعی امور

میں استعمال کرنے والا رجعت یا نقصان کا خود ذمہ

دار ہو گا یہ عمل چاند کی پہلی جمعرات کو سورج نکلنے

سے پہلے شروع کرنا ہے۔

طریقہ عمل

اکتالیس عدد چھوٹی چھوٹی کنکریاں اور اکتالیس عدد کالی مرچیں اور ایک مٹی کی چھوٹی سی ڈولی لے لینی ہے اسکے بعد سورۃ یسین پڑھنی ہے جب لفظ مبین پر پہنچیں ساتوں مبینوں پر اکیس یا گیارہ بار آیت کریمہ پڑھنی ہے اسکے بعد طالب مطلوب کا تین بار نام لینا ہے جب سورۃ مکمل ہو جائے تو کنکری اور مرچ پر دوبارہ تین بار طالب مطلوب کا نام لے کر دم کرکے مٹی کی ڈولی میں رکھتے جائیں اسی طرح اکتالیس کنکریوں اور مرچوں پر اکتالیس بار سورۃ یسین ہو جائے گی۔ پھر

اس کے بعد مٹی کی ڈولی کا آٹے سے یا موم جامہ سے منہ بند کردیں اسکے بعد کسی بڑے برتن میں پانی ڈال کر اسمیں یہ ڈولی رکھ کر آگ پر رکھ دیں تاکہ پانی فل گرم رہے اور ڈولی کے اندر کنکریوں کو تپش پہنچتی رہے بہاتر گھنٹے کے اندر اندر مطلوب آپکے پاس ہوگا یا رابطے کی کوئی نہ کوئی ترتیب بن جائے گی ان شاءاللہ۔

گیارہ دن میں روٹھی بیوی کو واپس لانے کا خاص عمل

اس عمل کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے انتہائی مجرب ترین عمل ہے الحمدللہ یہ عمل کئی جگہوں پر آزما چکے ہیں اس عمل کا ابھی تازہ واقعہ آپ حضرات کو سناتا ہوں ابھی کچھ دن پہلے ایک دوست کی مجھے کال آئی کہ استاد محترم میری بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہے اور میرے دو بچے بھی ہیں انکی پڑھائی کا بھی مسئلہ ہے اور میرے سسرال والے بہت اڑیل قسم کے ہیں وہ مجھے میرے بچوں سے بھی نہیں ملنے دے رہے اور انہوں نے عدالت کے اندر خلع لینے کیلئے کیس کردیا ہے اب وہ مجھ سے خلع لینا چاہتے

ہیں روتے روتے کہنے لگا استاد جی اگر سسرال والوں نے مجھ سے خلع لے لیا تو میرے بچوں کا مستقبل خراب ہوجائے گا تو اسکو میں نے یہی عمل بتایا ساتویں دن اسکی ،مجھے کال آئی کہ استاد جی میرے سسر نے خود مجھے کال کی کہ بیٹا آپ آجاو اور اپنے بیوی بچوں کو لے جاو اور آج میں بیوی بچوں کو لینے جارہا ہوں اسی طرح کے کئی ایسے واقعات ہیں اگر لکھنے بیٹھوں تو پوری کتاب انہی واقعات سے بھر جائے گی بہر حال عمل ملاحظہ فرمائیں۔

عمل

بعد نماز عشاء دو رکعت نفل صلاۃ حاجت پڑھیں اور
اسکا ثواب آقا مدنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی
بارگاہ اقدس میں بطور ہدیہ پیش کردیں اور ساتھ یہ
الفاظ کہنے ہیں یااللہ اسکے صدقے میرا یہ مسئلہ اٹکا ہوا
ہے اس عمل کی برکت سے میرا یہ مسئلہ حل ہوجائے
اس کے بعد پہلی رکعت میں سورت فاتحہ کے بعد
سورت اخلاص گیارہ بار دوسری رکعت میں سورت فاتحہ
کے بعد سورت اخلاص نو بار پڑھنی ہے رکوع وسجود میں
تسبیح کے بعد اور تشہد میں التحیات کے بعد گیارہ گیارہ

بار پڑھیں اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ بعد از سلام مقصد ذہن میں رکھ کر کامل تصور اور یکسوئی سے 313 بار پڑھیں اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ وَ اللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ

اس کے بعد دعا کریں اور چلتے پھرتے اسکی کثرت کریں گیارہ دن کے اندر اندر مسئلہ حل ہوجائے گا ان شاءاللہ۔

اگر بالفرض گیارہ دن میں مسئلہ حل نہ ہو تو مزید یہی عمل اکیس یا اکتالیس دن تک جاری رکھیں۔

اکیس دن والا من پسند شادی کا خاص عمل

اگر کوئی شخص کسی خاص جگہ من پسند نکاح کرنا چاہتا ہو اور کچھ لوگ درمیان میں رکاوٹ بن رہے ہوں یا لڑکی کے گھر والوں میں سے یا لڑکے کے گھر والوں میں سے یا لڑکے لڑکی کے عزیز و اقارب رشتے داروں میں سے کوئی رکاوٹ بن رہا ہو یا بسا اوقات لڑکی یا لڑکے کے والدین تو مان رہے ہوتے ہیں مگر لڑکی یا لڑکا نہیں مانتے ان سب صورتوں میں آپ یہ عمل کریں اکیس دن کے اندر اندر کام ہوتا دیکھیں انکار کرنے والے یا

رکاوٹ بننے والے خود ہی مان جائیں گیں ان

شاءاللہ

عمل

اگر لڑکی نہ مان رہی تو ایسا کریں لڑکے کے نام کے اعداد اور لڑکی اور اسکی والدہ کے نام کے اعداد نکال کر اسی تعداد کے مطابق بعد نماز عشاء ایسے کمرے کا انتخاب کریں جہاں دوران پڑھائی کسی کا آنا جانا نہ ہو مکمل تنہائی میں بیٹھ کر کامل تصور اور یکسوئی سے مقصد ذہن میں رکھ کر اس آیت مبارکہ کو پڑھیں ۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (۱۲۸) اسی طرح اگر لڑکا نہ مان رہا ہو اور لڑکی والے یہ رشتہ کرنا چاہتے ہوں تو لڑکی یہ عمل کرے کہ صرف لڑکی کے نام کے اعداد اور لڑکے اور اسکی والدہ کے نام کے اعداد نکال کر جتنی تعداد بنتی ہو اُسی تعداد کے مطابق یہی آیت مبارکہ بعد نماز عشاء پڑھے اور چند ہی دنوں میں مسئلہ حل ہوتے دیکھیں یہ عمل بارہا کا آزمایاہوا اور مجرب ترین عمل ہے۔

بکرے کے دل والا حب کا خاص عمل

یہ حب کا بہت ہی خاص الخاص اور بارہا کا مجرب ترین عمل ہے اس عمل کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے اس عمل کو کرنے والا خود ہی نتائج سے آگاہ ہوجائے گا۔اس عمل کا فوری رزلٹ ملتا ہے۔یہ عمل جمعہ یا اتوار کو فجر کی نماز کے بعد کرنا ہے۔

عمل کا طریقہ

سات عدد سوئیاں اور ایک عدد کوری ہانڈی اور دو دل منگوالیں ایک بکری کا دوسرا بکرے کا اور ساتھ موم بتی اور بخور جلالینی ہے اگر لڑکا ہے تو بکری کا دل اوپر بکرے کا نیچے اگر لڑکی ہے تو بکرے کا دل اوپر بکری کا نیچے رکھنا ہے اور یہ دونوں نقوش دونوں دلوں کے سوراخ میں رکھ دیں اسکے بعد ہر سوئی پر (سورۃ الانفال آیت 63)110 بار وَ اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (۶۳) تک اور ایک بار سورۃ مزمل پڑھ

کر سوئی کو موم بتی پر گرم کر کے مقصد بول کر (مثلاً زینب بنت
رقیہ کا دل اصغر بن لیاقت کی گرفت میں آجائے یا دیوانہ ہوجائے
یا بے چین ہوجائے وغیرہ) سوئی دونوں دلوں کے پار کر دیں اور دل
کو کوری ہانڈی میں رکھتے جائیں اسی طرح ساتوں سوئیوں پر عمل
کرنا ہے جب عمل مکمل ہوجائے تو ہانڈی کا منہ بند کر کے فریقین
میں سے جو آیا ہے اسکو دے دیں طالب روزانہ پندرہ منٹ تک
ہانڈی کو ہلکی آگ پر رکھ کر سورۃ مزمل ایک بار اور بغیر تعداد
گنے سورۃ الانفال کی آیت مبارکہ وَ اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ
اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (۶۳) پڑھتا رہے اگر اللہ نے چاہا تو
دس دن کے اندر اندر مطلوب طالب سے رابطہ کرلے گا یا رابطے
کی کوئی ترتیب بن جائے گی۔

نوٹ

عمل شروع کرنے سے پہلے یہ نقوش لکھ لیں عمل کرتے وقت ایک نقش ایک دل میں دوسرا نقش دوسرے دل میں رکھ کر عمل شروع کریں۔اسی طرح پڑھائی شروع کرتے وقت سوئی کو پلاس یا کسی بھی چیز سے پکڑ کر موم بتی پر گرم کرتے رہیں اِدھر ایک بار کی پڑھائی مکمل ہو اُدھر سوئی اچھی طرح گرم ہوچکی ہوگی جیسے ہی پڑھائی مکمل ہوگی سوئی پر مقصد بول کر دم کرکے دونوں دلوں کے پار کردیں۔

نقوش یہ ہیں

٢٢٨٢٣	٢٢٨١٨	٢٢٨٢٥	٩٣٢	٩٣٥	٩٣٩	٩٢٥
٢٢٨٢٧	٢٢٨٢٢	٢٢٨٢٠	٩٣٨	٩٢٦	٩٣١	٩٣٦
٢٢٨١٩	٢٢٨٢٦	٢٢٨٢١	٩٢٧	٩٧١	٩٣٣	٩٣٠
			٩٣٧	٩٢٩	٩٢٨	٩٧٠

بکرے کے دل والا حب کا دوسرا خاص عمل

یہ عمل چاند کی پہلی بدھ کو کرنا ہے اگر عورت کیلئے کرنا ہے تو بکری کا دل اگر مرد کیلئے کرنا ہے تو بکرے کا دل لینا ہے۔

طریقہ کار

سات عدد سوئیاں لینی ہیں اور اپنے پاس موم بتی جلا لینی ہے ایک سوئی موم بتی پر گرم کرتے رہنا ہے اور اس دوران یہ آیت مبارکہ اکتالیس بار پڑھ کر سوئی پر طالب مطلوب کا نام لے کر دم کر کے سوئی دل میں جھو دینی ہے اسی طرح ساتوں سوئیوں پر آیت مبارکہ پڑھ کر طالب مطلوب کا نام لے کر سوئی کو دل میں جھوتے جانا ہے۔

آیت مبارکہ یہ

وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ (٨) اسکے بعد یہ دل اس کو دے دیں جو آپکے پاس عمل کروانے آیا ہے وہ غروب آفتاب کے وقت انگیٹھی میں انگارے سلگا کر یہ دل اسمیں ڈال دے اور اس دوران مطلوب کا تصور کرتے ہوئے اسی آیت مبارکہ کا ورد کرتا رہے یہاں تک کہ دل جل کر بالکل سیاہ ہو جائے سات دن کے اندر اندر مطلوب طالب کے

پاس آجائے گا ورنہ دوسرے بدھ اسی طرح دوبارہ عمل کریں اسی طرح تیسرے بدھ آخری حد تیسری بدھ ہے تیسری بدھ کو ہر حال میں محبوب آنے پر مجبور ہو جائے گا۔

نوٹ

جب طالب دل لے آئے اسکو اچھی طرح صاف کرلیں صاف کر کے یہ نقش دل کے سوراخ میں رکھ دیں اور جب سوئی پر دم کر کے سوئی دل میں جبھونی ہے تو اس نقش کو بھی کراس کرے۔

نقش یہ ہے

۳۲۸	۳۱۶	۳۱۸	۳۲۳
۳۱۹	۳۲۲	۳۲۹	۳۱۵
۳۲۵	۳۲۰	۳۱۷	۳۲۶
۳۱۳	۳۲۷	۳۲۴	۳۲۱

تین دن میں محبوب کو تڑپا دینے والا خاص چراغ

یہ بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے جائز مقامات پر کرنا ہے ناجائز کرنے والا نقصان کا ذمہ دار خود ہو گا۔

عمل

ایک چھٹانک لونگ لے لیں منہ میں الائچی رکھ کر اول آخر اکیس بار درود ابراہیمی درمیان میں 313 بار يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا پڑھ کر طالب و مطلوب کا نام لے کر لونگوں پر دم کر دیں اور یہ عمل تین بار دہرانا ہے اور تین دن تک کرنا ہے اس کے بعد لونگوں کا سفوف بنا کر تین حصوں میں برابر تقسیم کر لیں محبوب کا کالا کپڑا مل جائے تو سونے پہ سہاگہ ورنہ بازاری کالا کپڑا لے کر اسکے تین چراغ بنانے کیلئے تین ٹکڑے بنا لینے ہیں ہر ٹکڑے پر پندرہ کا نقش بنانا ہے اور اس کے اندر لونگ کا سفوف ڈال کر روئی لپیٹ کر الگ الگ تین چراغ بنا لیں بعد نماز عشاء محبوب کے گھر کی طرف چنبیلی کے تیل میں چراغ روشن کریں اور محبوب کا تصور

کرتے ہوئے يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا پڑھتے رہیں جب تک چراغ جلتا رہے جب چراغ ختم ہو جائے تو پڑھائی بھی بند کر دیں یہ عمل تین دن کرنا ہے اللہ تعالی سے امید قوی ہے تین دن کے اندر اندر محبوب بیقرار و بے چین ہو کر طالب سے رابطہ کرے گا ان شاءاللہ۔

نوٹ

دوبارہ بار بار تاکید کی جارہی ہے یہ بہت ہی خاص الخاص اور مجرب ترین عمل ہے جائز جگہوں پر کیا جائے ناجائز جگہ پر کرنے والا گناہ گار بھی ہو گا اور رجعت و نقصان کا ذمہ دار خود ہو گا۔

پندرہ کا نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

الحب فلاں بن فلاں

علی حب فلاں بن فلاں

نفرتوں کو محبتوں میں بدلنے والا خاص عمل

جس گھر میں نا اتفاقی ہو یا میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو یہ عمل کریں نفرتوں کو محبتوں میں بدلتا دیکھیں۔

عمل

اول آخر اکیس بار درود ابراہیمی درمیان میں سورت یسین اس طریقے سے پڑھیں کہ جب سَلٰمٌ ۠ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ تک پہنچیں تو گیارہ سو بار اسکا تکرار کرنا اور اس طریقے سے پڑھنا ہے سَلٰمٌ ۠ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (۵۸) بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ فلاں بن فلاں کے دل میں فلاں بن فلاں کی محبت پیدا ہو جائے اور دل و دماغ سے نفرت بغض وحسد

ختم ہو جائے اسی طریقے سے گیارہ سو بار تکرار کرنا

ہے اس کے بعد سورت مکمل کر کے آخر میں پھر تین بار

یہی الفاظ دہرانے ہیں مثلاً ثمینہ بنت رقیہ کے دل میں

عبدالرحمن بن رفیق کی محبت پیدا ہو جائے ثمینہ کے دل

ودماغ سے عبدالرحمن کے متعلق نفرت بغض حسد

وغیرہ وغیرہ ختم ہو جائے یہ کلمات تین بار دہرا کر پانی

اور چینی پر دم کر دیں اکیس دن تک نفرت کرنے والے

شخص کو کھلائیں اکیس دن کے اندر اندر نفرت کرنے

والے شخص کے دل میں ایسی لاجواب محبت پیدا

ہو جائے گی کہ دیکھنے والے حیران رہے جائیں گے ان شاءاللہ۔

خاندان میں باہمی محبت کیلئے

اگر خاندان میں نااتفاقی ہوگئی ہو یا گھر میں نااتفاقی ہو یا میاں بیوی میں نااتفاقی ہو تو بعد نماز عشاء اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی درمیان میں پانچ سو بار پڑھیں۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (۱۲۹)

روٹھی بیوی کو واپس لانے کا حب کا مجرب ترین عمل

اگر بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہو واپس نہ آرہی ہو یا خاوند بیوی کو لینے نہ آرہا ہو حب کیلئے لاجواب بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے۔ یہ عمل نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء شروع کرنا ہے۔

عمل کا طریقہ

ایک سو ایک کالی مرچ لے لیں اور انگیٹھی میں عود کی لکڑی کی دھونی جلائیں ہر مرچ پر سات بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر طالب مطلوب کا نام لے کر مرچ دھونی میں ڈال دیں اسی طرح ایک سو ایک مرچ پر دم کرنا ہے گیارہ دن نہیں گزرے گے مطلوب طالب سے رابطہ کرلے گا یا رابطے کی کوئی ترتیب بن جائے گی ان شاءاللہ

آیت مبارکہ یہ ہے

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

(سورۃ بقرہ آیت 165)

گھریلو ناچاقیوں کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل

جس گھر میں بہت زیادہ ناچاقیاں ہوں ناچاقیوں کی وجہ سے پورا گھرانہ پریشان اور ڈپریشن کا شکار ہوچکا ہو سب سے پہلے تو اس گھر کی اور گھروالوں کی تشخیص کی جائے۔اس گھر میں کوئی شیطانی اثرات تو نہیں یا شیطانی چیزیں تو نہیں رہتیں یا گھروالوں پر کوئی شیطانی اثرات تو نہیں اس کے گھر میں یا گھروالوں پر اثرات وغیرہ ہیں تو انکی کاٹ کریں اسکے بعد یہ عمل کریں گھر والوں کی نااتفاقیوں کو اتفاق اور محبتوں میں بدلتا دیکھیں۔

عمل

- ساتبار سورۃ فاتحہ
- ساتبار آیت الکرسی

- تین بار سورۃ یسین
- سات بار سورۃ مزمل
- چار چار بار چاروں قل شریف

اکیس بار آیت کریمہ پڑھ کر گھر میں استعمال ہونے والی تمام چیزوں پر دم کردیں۔

مثلا آٹے چینی نمک پانی پر جس پانی پر دم کیا ہے اسی کو بڑھاتے جائیں اور اسی پانی سے آٹا بھی گوندھیں اور روز مرہ پینے کے استعمال میں بھی لائیں۔اور یہ ہی پڑھائی ہفتے میں دو تین بار انہیں دم شدہ چیزوں پر مزید دم کرتے رہیں۔اور گھر میں آپس کی ناچاقیوں کو محبتوں اور خوشیوں میں بدلتے دیکھیں۔

حب کا خاص الخاص عمل

اگر کوئی شخص کسی سے ناراض ہو یا بیوی روٹھ کر میکے چلی جائے تو بارہا کا آزمایا مجرب ترین عمل ہے یہ عمل نوچندی جمعرات کو کرنا ہے۔

عمل کا طریقہ

چینی کی چھوٹی چھوٹی اکیس عدد پوڑیاں بنالینی ہیں پوڑیاں بنا کر اسی وقت اکیس بار سورۃ مزمل پڑھ کر اس پر دم کردیں اسکے بعد روزانہ ایک پوڑی پر بعد نماز فجر سات بار سورۃ مزمل پڑھنی ہے ہر بار پڑھنے کے بعد حکم لگانا ہے فلاں بن فلاں کو مجھ پر مسخر کردو عمل مکمل ہونے کے بعد یہ چینی قبرستان میں جہاں کیڑے کوڑے ہوں وہاں ڈال دیں اگر اللہ تعالی نے چاہا اکیس دن مکمل نہیں ہونگے آپکا کام پہلے ہوجائے گا ان شاءاللہ۔

من پسند رشتے کیلئے تین دن کا لاجواب عمل

اگر کوئی شخص کسی خاص جگہ پر نکاح کرنا چاہتا ہو اور لڑکی والے انکار کررہے ہوں اس کیلئے یہ بہت ہی لاجواب مجرب ترین عمل ہے

عمل کا طریقہ

جو جو لوگ انکار کررہے ہوں ان کے دائیں پاوں کی مٹی اور سات یا کم از کم تین بزرگوں کی قبروں کی مٹی لے کر اس پر سورۃ مزمل اکیس بار چہل کاف 101 بار پڑھ کر دم کردیں دم کرتے وقت یہ پیغام لگادو کہ فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کے رشتے کیلئے آمادہ کردو یہ عمل تین دن کرنا اسکے بعد اس مٹی کو چار حصوں پر تقسیم کرنا ہے ایک حصہ جنکی طرف سے انکاری ہورہی ہے انکے گھر میں

چھینک دیں چھینکتے وقت بھی یہی حکم لگانا ہے۔اور بقیہ تین
حصے روزانہ مغرب کے بعد ایک حصہ جلانا ہے تین دن
تک اور اسی دوران چہل کاف پڑھتے رہنا ہے اور ہر تین
بار پڑھنے کے بعد حکم لگاتے رہنا ہے اور ان تین دنوں
میں عامل چہل کاف باموکل اکتالیس بار پڑھ کر حکم لگاتا
رہے چھوتے دن رشتہ لینے چلے جائیں ان شاءاللہ کسی بھی
صورت میں انکاری نہیں ہوسکے گی ساتھ سات سلام چہل
کاف کے تین نقوش لکھنے ہیں ایک درخت پر دوسرا وزن
کے نیچے تیسرا جیب میں رکھے مگر یاد رہے یہ تعویز موڑنا
نہیں بلکہ سیدھا رکھنا ہے لکھ کر اسکے نیچے اپنا مقصد لکھنا
ہے۔

روٹھے ہووں کو واپس لانے کیلئے گڑ والا خاص عمل

اگر کوئی بیٹا اپنے والدین سے روٹھ کر تعلق توڑ کر الگ رہنے لگا ہو والدین سے ملنا جلنا بند کر رکھا ہو یا بیٹی روٹھ گئی ہو یا بھائی بھائی سے روٹھ گیا ہو یا بہن اپنی بہن سے روٹھ گئی ہو یا اقرباء میں سے کوئی آپس میں روٹھ گئے ہوں یا بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہو یا میاں بیوی کا جھگڑا رہتا ہو ان سب کیلئے یہ عمل بہت ہی مجرب ترین اور بارہا کا آزمایا ہوا ہے یہ عمل گیارہ دن سے اکیس دن کرنا اگر اللہ تعالی نے چاہا تو گیارہ دن کے اندر اندر آپکا کام ہو جائے گا۔

مل

ایک چھوٹی سی گڑ کی ڈلی لے کر اس پر
اول آخر گیارہ بار درود ابراهیمی درمیان
میں ایک سو اکیس بار سورۃ فاتحہ اور
اکتالیس بار يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ پڑھ کر
مقصد بول کر (مثلا فلاں بن فلاں کا دل
میرے تابع ہوجائے میرے بغیر بے چین
ہوجائے) گڑ کی ڈلی پر دم کر کے آگ

عمل گیارہ سے

میں ڈالدیں اسی طرح یہ

اکیس دن تک کرنا ہے کچھ ہی دنوں میں

روٹھا ہوا بندہ خود چل کر آپکے پاس

آئے گا اس عمل دوران مچھلی انڈا ہمہ

قسم کا گوشت استعمال نھی کرنا اور جائز

مقاصد میں استعمال کرنا ہے غیر شرعی

امور میں استعمال کرنے والا اپنے نقصان

کا خود ذمہ دار ہو گا۔

اسماء الھیہ کا حب کیلئے جامع عمل

یہ عمل انتہائی مجرب ترین عمل ہے بارہا کا آزمایا ہوا ہے جو خاوند بیوی کو پریشان کرتا ہو۔

مثلا مارپیٹ کرتا رہتا ہو بیوی کو خرچہ نہ دیتا ہو حتی کہ میاں بیوی کے درمیان اتنی ناچاقی ہوچکی ہو کہ خاوند بیوی کو طلاق دینے میں تلا ہوا ہو یا بہو ساس نند کے آئے دن جھگڑوں کی وجہ سے زہنی پریشان ہو ان سب کیلئے یہ اسماء الھیہ کا عمل مجرب ترین عمل ہے اور ناراض خاوند کو محبت کرنے والا پائیں ساس بہو نند کے جھگڑوں کو خوشیوں میں بدلتا دیکھیں عمل یہ ہے اول آخر گیارہ بار درود ابراھیمی اسکے بعد یہ اسماء الھیہ صبح وشام ایک ایک تسبیح پڑھیں مگر دوران پڑھائی کسی سے بات نہیں کرنی اور مکمل یکسوئی توجہ سے پڑھنا ہے بغیر توجہ ودیہان کے پڑھنے کا فائدہ نہیں ہو گا۔

اسماء الهیہ یہ ہیں۔

یَاقَادِرُ یَاجَبَّارُ یَابَصِیْرُ یَاسَمِیْعُ یَامُذِلُ یَامُعِزُ یَاقَابِضُ یَاسَلَامُ

یَامُنْتَقِمُ یَاقَهَارُ یَاقَادِرُ

انکی مداومت سے یہ ممکن ہی نہیں کہ شوہر بیوی کو طلاق دے دے یا بہو ساس نند کے جھگڑے خوشیوں میں نہ بدلیں ایسا ہو ہی نہیں سکتا اس عمل کے اسکے علاوہ بھی بہت سے حیران کن نتائج دیکھنے کو ملے گیں اور دشمن کیلئے یہ عمل ننگی تلوار کے مانند ہے اسکا ذکر آگلے صفحات پر آرہا ہے۔اسکا تفصیلی ذکر حصہ سوئم میں ہے۔

گھریلو جھگڑوں کو خوشیوں میں بدلنے والا خاص عمل

بس گھر میں بہت زیادہ نااتفاقی ہو آئے دن لڑائی جھگڑوں کی وجہ سے پورا گھرانہ پریشان ہو تو اس عمل کی برکت سے چند ہی دنوں میں لڑائی جھگڑے ختم ہوجائیں گے اور آپس میں بے مثال محبت پیدا ہوجائے گی اور اتنا اتفاق ہو گا کہ دیکھنے والے حیران رہے جائیں گے اس عمل کی برکت سے گھر کے افراد کا آپس میں اتفاق و محبت کے ساتھ ساتھ گھر میں برکت بھی ہوگی اور اس عمل کی برکت سے جسمانی امراض بھی دور ہونگے انشاءاللہ۔

عمل

اکیس بار درود ابراہیمی درمیان اول آخر اکیس باردرود ابراہیمی درمیان

عمل یہ ہے اول آخر اکیس باردرود ابراہیمی درمیان میں ایک بار سورۃ یسین اور اکتالیس بار سورۃ فاتحہ اور اکیس بار سورت اخلاص اور گیارہ سوپچیس بار یَاوَدُوْدُ پڑھ کرکھانےپینے والی تمام اشیاء پر دم کردیں مثلاً پانی آٹا نمک تیل چینی پھر ان تمام چیزوں کو ختم نہیں ہونے دینا جب کوئی چیز ختم ہونے لگے تو اسی میں اور ڈال دیں مطلب بڑھاتے رہنا ہے یہ پڑھائی روزانہ ایک بار پڑھ کر دم شدہ اشیاء پر مزید دم کرتے رہنا ہے اس عمل کی برکت سے گھر کے لڑائی جھگڑوں کو محبتوں میں بدلتا دیکھے گیں انشاءاللہ۔

من پسند شادی کیلئے مجرب ترین عمل

کوئی بھی شخص کسی بھی جگہ پر من پسند نکاح کرنا چاہتا ہو اور لڑکی والے انکار کررہے ہوں یا درمیان میں رکاوٹیں آجاتی ہوں تو اس عمل کی برکت سے آپ جس لڑکی سے نکاح کرنا چاہتے ہیں اسی لڑکی سے نکاح ہوگا اور درمیان میں جتنی بھی رکاوٹیں ہونگی وہ سب دور ہوجائیں گی ان شاءاللہ یہ عمل نو چندی جمعرات کو شروع کرنا ہے جگہ وقت مقرر خوشبو کا استعمال کرنا ہے عمل کرنے سے پہلے کچھ نہ کچھ صدقہ دے کر عمل شروع کرنا ہے عمل یہ ہے اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی اور ایک بار سورۃ عبس درمیان میں مطلوب کا تصور کرتے ہوئے مکمل یکسوئی سے یہ آیت مبارکہ گیارہ سو بار پڑھنی ہے تصور

ابراہیمی درمیان
سورۃ فاتحہ اور
...س بار یَاوَدُوْدُ
...دیں مثلا پانی
...کو ختم نہیں
...اسی میں اور
...روزانہ ایک
...رہنا ہے اس
...محبتوں میں

یہ کرنا ہے آپکا نکاح مطلوبہ جگہ پر ہورہا ہے اور جتنی بھی رکاوٹیں ہیں وہ سب ختم ہورہی ہیں۔

آیت مبارکہ یہ ہے وَ اللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ(۲۱) یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے اگر میرے اللہ نے چاہا تو گیارہ دن بعد معاملات سیدھے ہونا شروع ہوجائیں گے اکتالیس دن نہیں گزریں گے کہ آپکا کام پہلے ہوجائے گا انشاءاللہ اگر کام اکتالیس دن سے پہلے بھی ہوجائے تب بھی یہ عمل اکتالیس دن پورے کرنا ہے یہ عمل درمیان میں چھوڑنا نہیں ہے

محبوب کو بے قرار کرنے کا عمل

محبوب کو بے قرار و بے چین کرنے کیلئے انتہائی مجرب ترین عمل ہے کسی کی بیوی روٹھ کر میکے چلی گئ ہو یا شوہر روٹھ گیا ہو یا کوئی عزیز رشتے دار روٹھ گیا ہو الغرض آپکا کوئی بھی محبوب دوست روٹھ گیا ہو اسکو بے قرار و بے چین کرنے کیلئے اور واپس لانے کیلئے یہ عمل انتہائی مجرب ترین ہیں اس عمل کو پابندی سے پڑھیں اور محبوب کو بے قرار ہوکر واپس آتا دیکھیں فجر کی سنت اور فرض کے درمیان مکمل یکسوئی سے مطلوب کا تصور کرتے ہوئے مطلوب کے گھر کی طرف منہ کرکے یہ عمل کریں۔

عمل اول آخر سات بار درود ابراہیمی درمیان میں

اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَ 313 بار

وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ (۳۹) چند دن نہیں گزریں

گے کہ محبوب بے قرار ہو کر طالب سے رابطہ

کرے گا اور اگر محبوب کو میٹھی چیز کھلا سکتے ہوں

تو یہی آیات مبارکہ پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے

محبوب کو کھلائیں اور محبوب کو بے چین ہو کر

طالب کے پاس آتا دیکھیں۔

محبوب کو تڑپانے کیلئے گیارہ دن کا حب کا خاص عمل

حب کیلئے یہ عمل انتہائی مجرب ترین عمل ہے یہ عمل صرف گیارہ دن کرنا ہے گیارہ دن کے اندر اندر آپکا مطلوب بے چین ہوکر آپ سے رابطہ کرنے پر مجبور ہو جائے گا ناجائز نہیں کرنا ورنہ نقصان کے ذمہ دار آپ خود ہونگے۔

عمل

یہ عمل چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کرنا ہے۔

1. پہلی رات تین تسبیح
2. دوسری رات پانچ
3. تیسری رات سات
4. چھوتھی رات نو
5. پانچویں رات گیارہ
6. چھٹی رات تیرہ

7. ساتویں رات پندرہ

8. آٹھویں رات سترہ

9. نویں رات انیس

10. دسویں رات اکیس

11. گیاوریں رات تیئیس

گیارہ دن کے عمل کے دوران ہی محبوب بے قرار ہوکر طالب کے پاس آجائے گا انشاءاللہ

عمل

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ الله

عمل کی شرائط وپرہیز

فرض نماز کی پابندی کرنی ہے جگہ وقت مقرر خوشبو کا استعمال کرنا ہے کچے پیاز لہسن تھوم گوشت انڈا مچھلی نہیں کھانی عمل مکمل یکسوئی وتنہائی میں کرنا ہے عمل کرتے وقت محبوب کا مکمل تصور کریں۔

بھٹکے شوہر کوراہ راست پرلانے کیلئے گیارہ دن کا خاص عمل

اگر کسی کا شوہر ناراض رہتا ہو یا کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات ہوں یا حرام کمائی گھر لاتا ہو تو یہ عمل صرف گیارہ دن کریں گیارہ دن کے اندر اندر شوہر راہ راست پر آجائے گا انشاءاللہ

عمل

یہ آیت مبارکہ روزانہ 141 بار پڑھ کر چینی پر دم کرکے دودھ میں ڈال کر یا پانی کا شربت بناکر شوہر کو پلائیں چینی کو ختم نہ ہونے دیں روزانہ پڑھائی کرکے دم شدہ چینی پر مزید دم کرتے رہیں۔

آیت مبارکہ یہ ہے

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (۱۰۰)

مطلوب کا طلب گار بنانے والا عمل

مطلوب کو طلب گار بنانے اور مطلوب کو بے قرار
کرنے کیلئے مجرب ترین عمل ہے عشاء کی سنت اور
وتروں کے درمیان اول آخر اکیس بار درود
ابراہیمی درمیان میں 141 بار محبوب کا تصور کرکے
پڑھیں چند ہی دنوں میں محبوب بے قرار ہو کر آپ
کے پاس ہو گا۔

عمل

هُوَالْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحَمٖ

حب کا خاص عمل

بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہو یا شوہر روٹھ گیا ہو اور بیوی کو لینے نہ آرہا ہو یا آپ کا کوئی محبوب روٹھ گیا ہو ان سب کو واپس لانے کا مجرب ترین عمل ہے۔

عمل ہر نماز کے بعد مکمل یکسوئی سے مطلوب کا تصور کرتے ہوئے اول آخر تین بار درود ابراہیمی درمیان میں 313 بار پڑھیں یَا وَلِیُّ اور یَا وَلِیُّ کے تین نقش لکھیں ایک نقش بازو پر باندھیں دوسرا درخت پر لٹکائیں تیسرا کسی وزن کے نیچے دبائیں اور محبوب کو بے قرار ہوتا دیکھیں۔

نقش یہ ہے

من پسند شادی کیلئے مجرب ترین عمل

طالب کسی بھی جگہ من پسند کی شادی کرنا چاہتا ہو لڑکی کے والدین انکار کررہے ہوں یا لڑکے یا لڑکی کے رشتے داروں میں سے کوئی بندہ رکاوٹ بنا ہوا ہو الغرض لڑکے یا لڑکی کے والدین میں سے یا رشتے داروں میں سے کوئی نہ مان رہا ہو تو ان سب کا اس طلسم کے نیچے نام لکھیں یہ عمل چاند کی پہلی سوموار کو شروع کرنا ہے۔

عمل

یہ طلسم روزانہ گیارہ عدد لکھنی ہیں طلسم کے نیچے ان سب کا نام لکھنا ہے جوجو انکار کررہے ہوں یا جوجو رکاوٹ بن رہے ہوں پہلے مطلوبوں کا نام پھر طالب کا نام لکھنا ہے گیارہ طلسم بنائیں اور گیارہ عدد کالی مرچیں لے لیں عود کی لکڑی کی دھونی جلائیں ہر مرچ پر گیارہ بار سورۃ قریش یہ ہے لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ (۱) اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ (۲) فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ (۳) الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ (۴)

اور سات بار يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَ لَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ (۱۶۵) پڑھ کر مطلوب کا نام لے کر کالی مرچ پر دم کر کے کالی مرچ طلسم میں لپیٹ کر دھونی میں ڈالدیں اسی طرح گیارہ طلسموں پر عمل کرنا ہے چند ہی دنوں کے اندر اندر جو انکار کر رہے تھے وہ مان جائیں گے جو رکاوٹ بن رہے تھے وہ خود رشتے کیلئے آمادہ ہو کر خود رشتہ طے کرنے پر مجبور ہو جائیں گے انشاءاللہ۔

حب کا ہمارا خاندانی عمل اس عمل کی زکات و طریقہ استعمال

یہ عمل ہمارا خاندانی سلسلے میں چلا آرہا ہے اور بہت ہی مجرب ترین عمل ہے اس عمل کے زکات کے بہت سارے اور مختلف طریقے ہیں مگر جو ہمارے خاندانی سلسلے میں زکات کا طریقہ آرہا ہے وہ یہ ہے۔

زکات کا طریقہ

اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی درمیان میں اکیس تسبیح یہ آیت مبارکہ پڑھنی ہے۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ

یہ عمل صرف ایک رات پڑھنا ہے شب جمعہ کی رات

مطلب جمعرات کا دن ہوگا جمعہ کی رات ہوگی اسی

طرح گیارہ جمعرات پڑھنا ہے۔

عمل کی شرائط

جگہ وقت مقرر ہو خوشبو کا استعمال کرنا ہے جس جگہ

عمل کر رہے ہو وہاں بلکل تنہائی ہو تا کہ مکمل یکسوئی

سے عمل کر سکیں دوران عمل کسی سے بات نہیں کرنی

جب زکات ادا ہو جائے اسکے بعد پڑھنے کیلیئے دے سکتے

ہیں شیرینی پر دم کر کے بھی دے سکتے ہیں۔

محبوب کو بے چین کرنے کا حب کا خاص الخاص عمل

یہ عمل انتہائی مجرب ترین بارہا کا آزمایا ہوا عمل ہے اسکو ناجائز کرنے والا نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا یہ عمل چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کرنا ہے۔

عمل

عود کی لکڑی کی دھونی جلانی ہے اور اکیس عدد کالی مرچیں لے لینی ہیں۔ ہر مرچ پر سورۃ کوثر باموکل اکیس بار پڑھنی ہے (

عمل کو مزید تیز کرنے کیلئے اکتالیس بار
بھی پڑھ سکتے ہیں) پڑھ کر مرچ پر مطلوب
وطالب کا نام لے کر دم کر کے مرچ کو
دھونی میں ڈال دیں اسی طرح اکیس
مرچوں پر عمل کرنا ہے۔ اگر اللہ نے چاہا تو
گیارہ دن نہیں گزرے گے محبوب بے قرار
ہوکر آپ سے رابطہ کرلے گا۔

سورۃ کوثر باموکل یہ ہے

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ بِحَقِّ يَارَبِّ جبرائیل فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَ انْحَرْ بِحَقِّ يَارَبِّ مِیکائِیل اِنَّ شَانِئَكَ بِحَقِّ يَارَبِّ اسرافیل هُوَ الْاَبْتَرُ بِحَقِّ يَارَبِّ عزرائیل فلاں بن فلاں کو مسخر کردے یا بے چین بے قرار کردے۔

فلاں بن فلاں کیلئے۔

طلاق رکوانے کا خاص عمل

میاں بیوی کا آپس میں ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہو اسی لڑائی جھگڑے کی وجہ سے اگر شوہر بیوی کو طلاق دینا چاہتا ہو تو بیوی کو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سوالاکھ بار یَااَللّٰہُ رَحِیْمُ وَدُوْدُ پڑھے کوشش کرے تنہائی میں یکسوئی سے بیٹھ کر پڑھے اگر تنہائی میں یکسوئی سے بیٹھ کر نہیں پڑھا جاسکتا تو چلتے پھرتے بھی پڑھا جاسکتا ہے اس عمل کی برکت سے ابھی سوالاکھ کی پڑھائی مکمل نہیں ہوگی کہ شوہر کے دل میں بیوی کی ایسی لاجواب بے مثال محبت پیدا ہوجائے گی کہ بیوی کو طلاق دینا تو درکنار بیوی کے بغیر شوہر کا دل بھی نہیں لگے ان شاءاللہ اور اگر اس عمل کے ساتھ گڑ والا عمل کرلیا جائے تو سونے پے سہاگہ ہوجائے گا۔

روٹھی بیوی کو واپس لانے کا عمل

اگر کسی شخص کی بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہو اور واپس آنے کیلئے آمادہ نہ ہورہی ہو یا بیوی کے والدین یا بہن بھائیوں میں سے یا رشتے داروں میں سے کوئی شخص رکاوٹ بن رہا ہو ہر قسم کی رکاوٹوں کو ختم کرنے اور بیوی کو واپس لانے کا بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے۔

عمل

کامل تصور اور مکمل یکسوئی سے بعد نماز فجر 313 بار اور بقیہ ہر نماز کے بعد 123 بار اول آخر تین بار درود ابراہیمی درمیان میں مقصد ذہن میں رکھ کر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے پڑھنے کے بعد اپنے مقصد کی دعا کرے چند دن اس عمل کی مداوامت کرے اور قدرت کا کرشمہ دیکھے چند ہی دنوں میں بیوی یا بیوی کے والدین میں سے کوئی نہ کوئی آپ سے خود رابطہ کرے گا ان شاءاللہ۔

من پسند کی شادی کا انمول عمل

اگر کوئی شخص اپنے عزیزو اقارب میں کسی خاص جگہ پر اپنی من پسند کا نکاح کرنا چاہتا ہو لڑکی کے والدین میں سے یا بہن بھائیوں میں سے یا رشتے داروں میں سے کوئی رکاوٹ بن رہا ہو اسی طرح لڑکے والوں کی طرف سے کوئی نہ مان رہا ہو اس کیلئے لاجواب بے مثال عمل ہے اور یہ عمل میں کئی جگہ پر آزما چکا ہوں **الحمدللہ صرف مجرب نہیں بلکہ مجرب المجرب** پایا ہے۔

عمل

جگہ وقت مقرر خوشبو کا استعمال کرتے ہوئے مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے بعد نماز عشاء سنت اور

وتر کے درمیان اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی درمیان
میں گیارہ سو بار یہ آیت کریمہ پڑھیں اور کوشش کریں
عمل کرتے وقت پانی کا گلاس اپنے پاس رکھیں وقفے
وقفے سے پانی کا گھونٹ پیتے رہیں اگر عمل کو تیز کرنا
مقصود ہو تو گیارہ تسبیح کی بجائے اکیس تسبیح کر دیں بندہ
ناچیز دونوں طریقوں سے تجربہ کرواچکا ہے اور
الحمدللہ دونوں تجربے کامیاب ثابت ہوئے آپ بھی یہ
عمل کریں اور بندہ ناچیز کو اپنی خصوصی دعاوں میں یاد
رکھیں آیت کریمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (۸۷)

لونگ الائچی والا حب کا خاص عمل

سب سے پہلے ایک بات ذہن نشین کرلیں اس عمل کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے اسکی وجہ یہ ہے اس عمل کو جہاں کہیں بھی آزمایا ہے الحمدللہ مجرب پایا ہے یہ عمل مجھے استاذالعالمین حضرت اقدس حضرت مولانا حکیم امجد حسن خاں صاحب رحمہ اللہ جامعہ فاروقیہ لاہور والوں سے خاص اجازت سے ملا تھا موصوف کا آزمایا ہوا اور بہت سے دوستوں کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے میاں بیوی کا آپس میں اتنا جھگڑا رہتا ہو کہ طلاق تک نوبت پہنچ چکی ہو یا آپکا کوئی خاص دوست ناراض ہوگیا ہو یا بیٹا یا بیٹی سے والدین ناراض ہوکربات چیت تک نہ کرتے ہوں بات چیت کرنا چھوڑ گئے ہوں یا بہن بھائیوں کی آپس میں نااتفاقی ہوگئی ہو یا رشتے داروں کی آپس میں نااتفاقی ہونے کی وجہ سے لڑائی جھگڑے رہتے ہوں یا آپ کسی خاص جگہ نکاح کرنا چاہتے

ہوں درمیان میں کچھ لوگ رکاوٹیں ڈال رہے ہوں تو آپ یہ عمل کریں اور اپنا مسئلہ حل ہوتے دیکھیں ان شاءاللہ۔

عمل

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اس میں ایک لونگ اور ایک الائچی رکھ کر خوشبو لگا کر بند کرکے بازو یا گلے میں پہن لیں

نقش یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح
یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح
یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح
یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح	یا اللہ بدوح

الحب فلاں بن فلاں علی فلاں بن فلاں

پیغام نکاح

اگر آپ کسی خاص جگہ پر نکاح کرنا چاہتے ہوں لڑکی والوں کی طرف سے کچھ لوگ رکاوٹ بن رہے ہوں یا آپکو یہ اندیشہ ہو کہ ہم رشتہ مانگنے جائیں گے تو انکار ہوجائے گا ان سب صورت حال میں آپ مندرجہ ذیل تین تعویز بنائیں ایک تعویز طالب اپنے بازو پر باندھیں دوسرا تعویز گھر میں بکسے میں رکھ دیں تیسرا تعویز جو شخص رشتہ مانگنے جارہا ہو وہ اپنے بازو پر باندھے اگر اللہ تعالی نے چاہا تو رکاوٹیں بندشیں بھی ختم ہونگیں اور انکار بھی نہیں ہو گا ان شاءاللہ

تعویز یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انما اشکوا بثی و حزنی الی اللہ و اعلم من اللہ ما لا تعلمون

عـــ ٣٠٦ ــمـــ ٣٠٨ ــمـــ ٣٠٧ ــمـ

حم حم حم حم حم حم حم اللہ الامر و جاء النصر فعلینا لا ینصرون۔

صلی اللہ علی خیر خلقہ و آلہ و اصحابہ اجمعین

یا ذر دیا ذر ذ. 41 دفعہ لکھیں اللہ و لا تصرف عنی

کیدھن الھی بحرمۃ ھزہ الآیۃ و الاسماء المبارکۃ نرم

کردن دل و دماغ الھی فلاں بن فلاں

حب کا خاص عمل

مندرجہ ذیل گیارہ نقوش بناکر سائل کو دے دیں سائل روزانہ 786 بار بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھ کر نقش پر دم کردے اور نقش کو آٹے کی گولی میں بند کرکے نہر یا دریا میں بہادے یہ عمل گیارہ دن کریں گیارہ دن کے اندر اندر مطلوب بے قرار ہوکر طالب سے رابطہ کرے گا ان شاءاللہ

نقش یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	بسم	اللہ
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمن

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاح قد شغفھا حُبّاً

ہر چہ کند خدا کنند بندہ عاجز چہ کنند

گیارہ دن میں مطلوب کو حاضر کرنے کا خاص عمل

اس عمل کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے اسکو جائز جگہ پر کرنا ہے غلط جگہ استعمال کرنے والا خود گناہگار ہو گا۔

عمل

33 عدد نمک کے ٹکڑے لے کر 313 بار سورت کوثر پڑھ کر دم کردیں اس کے بعد روزانہ نمک کے تین ٹکڑے لے کر ہر ٹکڑے پر اکتالیس بار سورت کوثر پڑھ کر طالب ومطلوب کا نام لے کردم کرکے آگ میں ڈال دے اسی طرح گیارہ دن کرنا ہے گیارہ دن کے اندر اندر مطلوب بے قرار وبے چین ہوکر طالب سے رابطہ کرے گا ان شاءاللہ۔

سورت کوثر یہ ہے

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ (۱) فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (۲) إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ (۳)

میاں بیوی میں محبت کیلئے خاص عمل

اگر میاں بیوی کی آپس میں نااتفاقی کی وجہ سے ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو تین دن تک چینی پر اول آخر اکیس بار درودابراہیمی درمیان میں ایک ہزار بار یاودود پڑھ کر دم کردیں۔اگر شوہر غصہ ہوتا ہو تو دم کرتے وقت پہلے شوہر کانام لینا ہے اگر بیوی غصہ ہوتی ہو تو پہلے بیوی کانام لینا ہے مثلا الحب زینب بنت کوثر علی حب اقبال بن حلیمہ اسی طرح اسکے برعکس کرلیں اسکے بعد چینی شربت یا دودھ میں ڈال کر میاں بیوی دونوں پیئیں کچھ ہی دنوں میں میاں بیوی کی آپس میں لاجواب محبت پیدا ہوجائے گی ان شاءاللہ مگر یہ عمل جائز جگہ کرنا ہے۔

گھریلو ناچاقیوں کو محبتوں میں بدلتا دیکھیں

اگر گھر میں نااتفاقی ہو یا میاں بیوی کی آپس میں نااتفاقی کی وجہ سے لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو مندرجہ ذیل گیارہ دن تک روزانہ ایک نقش عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر گھر کے تمام افراد کو پلائیں اگر میاں بیوی کا مسئلہ ہے تو انکو پلائیں گیارہ دن کے اندراندر گھر میں اتفاق اتحاد اور آپس کی نفرتیں محبتوں میں بدل جائیں گی ان شاءاللہ

نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاح

عمل برائے حب

میاں بیوی میں نااتفاقی ہو یا گھر میں نااتفاقی ہو تو مندرجہ ذیل تعویز اکیس دن تک روزانہ ایک تعویز عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر مطلوب کو پلائیں اور دیوانہ ہوتے دیکھیں۔

تعویز یہ ہے

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۗ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (۱۲۸) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (۱۲۹) كتبته للحب بين فلان بن فلان و فلان بن فلان

مطلوب کو بے قرار کرنے کا عمل

مطلوب کو بے چین و بیقرار کرنے کا تیر بہدف مجرب عمل اول آخر اکیس بار درود ابراہیمی درمیان میں 313 بار سَلٰمٌ عَلٰی نُوۡحٍ فِی الۡعٰلَمِیۡنَ (۷۹) اِنَّا كَذٰلِكَ نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ (۸۰) پڑھ کر شیرینی پر دم کرکے مطلوب کھلائیں اور مطلوب کو بے چین ہوکر طالب کے پاس آتا دیکھیں مگر یہ عمل جائز جگہ پر کرنا ہے۔

حب کا خاص عمل

دن بارہ بجے یا رات کے بارہ بجے مطلوب کا تصور کرتے ہوئے یہ عمل کرنا ہے۔

عمل

اول آخر اکتالیس بار درود ابراہیمی درمیان میں سورت یسین اس طریقے سے پڑھنی ہے کہ ہر مبین پر رک کر مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے تین بار آذان پڑھنی ہے اسی طرح ساتوں مبینوں پر آذان والا عمل کرنا ہے گیارہ سے اکیس دن کے اندر اندر مطلوب بیقرار ہوکر طالب سے رابطہ کرے گا ان شاءاللہ۔

حب کا عمل

اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی درمیان میں 313 بار عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَ اللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (۷) پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں اور مطلوب کو بیقرار ہوتا دیکھیں۔

حب کا خاص عمل

مندرجہ ذیل تین نقوش لکھ کر ایک نقش پھل دار درخت پر لٹکادیں دوسرا وزن کے نیچے دبادیں تیسرا بازو پر باندھیں۔

نقش یہ ہے

یارب جبرائیل　　بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ　　یارب میکائیل

سَلٰمٌ ۟ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ بحق
یابدوح حاضر کر فلاں بن فلاں
یابدوح یابدوح یابدوح
یابدوح یابدوح یابدوح
یابدوح یابدوح یابدوح

یارب اسرافیل　　یاودود یاودود یاودود　　یارب عزرائیل

یاجبارین

زبان بندی کا خاص عمل

اگر آپ کسی جگہ رشتہ مانگنے جارہے ہوں آپکو خطرہ ہو کہ لڑکی والوں کی طرف سے یا لڑکے والوں کی طرف سے کوئی شخص رکاوٹ بن سکتا ہے اسکی زبان بندی مقصود ہو یا کسی آفیسر سے بات منوانا مقصود ہو تو آپ یہ عمل کریں اور حیران کن فوری رزلٹ دیکھیں۔

عمل

کٓھٰیٰعٓصٓ کَفَیْتُ حٰمٓعٓسٓقٓ حَمَیْتُ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کرنی ہے اسی طرح ایک ایک حرف پڑھتے جانا ہے ایک ایک انگلی بند کرتے جانا ہے۔ اسی طرح حٰمٓعٓسٓقٓ پر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے بند کرنا شروع کرنا ہے جب دونوں مٹھی بند ہوجائیں اسکے بعد حَسْبُنَااللّٰهُ

وَنِعْمَ الْوَكِيْل پڑھ کر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کھول دینی ہے

اسی طرح حَسْبُنَااللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل پڑھتے جانا ہے ایک ایک

انگلی کھولتے جانا ہے جب دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھل

جائیں تو دونوں ہاتھوں ایسے ملانا ہے جیسے دعا کیلئے ہاتھ ملاتے

ہیں ایسے ملاکر مطلوبہ شخص کی طرف منہ کرکے ہاتھوں پر

اس تصور سے پھونک مارنی ہے کہ مطلوبہ شخص کے چہرے

پر پھونک جارہی ہے اور اسکی زبان آپکے خلاف بند ہورہی

ہے اور آپ جو بات منوانا چاہتے ہیں وہ مان رہا ہے اسی

طرح یہ عمل تین بار کرنا ہے اللہ تعالی کے فضل وکرم سے

آپکا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

دشمن کی زبان بندی کا عمل

اگر کچھ لوگ آپکی مخالفت کر رہے ہوں اور آپ پر غلط الزامات لگا رہے ہوں انکی زبان بندی کیلئے یہ تیز بہدف مجرب عمل ہے ہر نماز کے بعد مخالفین کا تصور کامل کرتے ہوئے اکیس بار پڑھیں۔

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (۱۰۸)

عمل برائے زبان بندی

اگر آپ کسی خاص جگہ پر نکاح کرنا چاہتے ہیں درمیان میں کچھ شریر قسم کے لوگ رکاوٹ بن رہے ہوں یا لڑکے یا لڑکی کے گھر والوں کی طرف سے کوئی شخص رکاوٹ بن رہا ہو تو آپ یہ عمل کریں اللہ تعالی کے

فضل وکرم سے تمام مسائل حل ہوجائیں گے ان

شاءاللہ۔

عمل

جگہ وقت مقرر کرکے جو شخص رکاوٹ بن رہا ہو چاہے

ایک ہو یا ایک سے زائد جتنے بھی لوگ ہوں سب کی

زبان بندی کا تصور کرتے ہوئے اول آخر سات

باردرود ابراہیمی درمیان میں 903 بار پڑھیں

یَاقَہَّارُیَاقَابِضُ بقیہ ہر نماز کے بعد اکیس بار کا معمول

بنالیں سات سے اکیس دن کے اندر اندر آپ کے

خلاف بولنے والوں کی مکمل زبان بندی ہوجائے گی

ان شاءاللہ۔

دشمن کی زبان بندی کا مجرب عمل

گ آپکا کوئی دشمن تنگ کررہا ہو اور ناجائز غلط الزامات لگارہا ہو آپ حق پر ہوں تو یہ عمل کریں۔

عمل

سات عدد کنکریاں لے کر انکو اچھی طرح دھولیں خشک ہونے کے بعد ہرکنکر پر اکتالیس بار اَللّٰھُمَّ اِنَّانَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ پڑھیں مطلوب کا نام لے کر کنکر پر دم کردیں دم کرتے وقت یہ الفاظ کہنے ہیں کہ فلاں بن فلاں اپنے شر میں خود ہی مبتلا ہوجائے میری اور میرے گھر والوں کی مکمل حفاظت ہوجائے اسی طرح ساتوں کنکریوں پر دم کرنا ہے اس کے بعد وہ کنکر دشمن کے گھر کی چھت پر پھینک دیں اگر یہ ممکن نہ ہو تو دشمن کے گھر کی طرف رخ کرکے کنکر ایسی جگہ پھینکیں جہاں کنکریوں پر کسی کا پاوں نہ پڑے یہ عمل سات روز تک کرنا ہے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے۔

زبان بندی کا نایاب عمل

آج میں آپکو ایسا سینے کا راز دے رہا ہوں جب بھی مخالفین کی طرف سے کوئی مشکل پیش آتی ہے تو الحمدللہ میں خود اسی عمل کی مداومت کرتا ہوں اسی عمل کو اپنے معمول میں رکھتا ہوں زبان بندی کا یہ ایسا نایاب عمل ہے اس عمل کے کرنے کے بعد آپکو کسی اور عمل کے کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ جہاں باقی اعمال کام کرنا چھوڑ دیں وہاں یہ عمل کریں اور ناقابل یقین حیران کُن نتائج آپ دیکھے گیں ان شاءاللہ کوشش کریں یہ عمل ہر نماز کے بعد کریں بوجہ مصروفیت کے اگر ہر نماز کے بعد ممکن نہ ہو تو صبح وشام یہ عمل کریں۔ اگر صبح وشام عمل کرنا ہو تو اکیس بار پڑھیں اگر ہر نماز کے بعد پڑھنا ہو تو سات یا گیارہ بار پڑھیں پڑھنے کی ترتیب یہ ہوگی کہ آیت الکرسی مکمل کرنے کے بعد صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ والی آیات مبارکہ کا پانچ سات گیارہ بار تکرار کرنا ہے۔

عمل

جسکی زبان بندی کرنا مقصود ہو اسکا تصور کرتے ہوئے پڑھیں۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ (۲۵۵)

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَّا یُبْصِرُوْنَ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَّا یَعْلَمُوْنَ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لایتکلمون

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَتَفَكَّرُوْنَ

بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيْتُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى

عَلٰى رَسُوْلِ خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ایمرجنسی زبان بندی کا عمل

اگر آپکا اچانک کسی آفیسر سے سامنا ہو جائے یا بسا اوقات ٹریفک پولیس والوں سے آپکا سامنا ہو جائے یا اچانک ایسے بندے سے آپکا سامنا ہو جائے جو ہمیشہ آپکی مخالفت کرتا رہتا ہو زبان دراز ہو یا آپکی محفل میں کوئی ایسا آدمی آکر بیٹھ جائے جس سے آپکو اندیشہ ہو کہ یہ بندہ آپ کے خلاف زبان درازی کرے گا۔ تو آپ یہ عمل کریں اور اس عمل کے حیران کُن نتائج دیکھیں۔

عمل

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا(۱۰۸) سات بار اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ سات بار پڑھ کر مطلوبہ شخص کے چہرے پر پھونک ماردیں اور اسکی زبان بند ہوتے دیکھیں اور اسکے شر سے آپ کیسے محفوظ ہوتے ہیں اس عمل کے کرنے کے بعد یہ آپ خود مشاہدہ کریں گے ان شاءاللہ۔

زبان بندی کا تہر بہدف مجرب عمل

اگر آپ کسی جگہ رشتہ کرنا چاہتے ہوں تو درمیان میں کچھ شریر قسم کے فسادی لوگ رکاوٹ بن رہے ہوں اگر ان کی زبان بندی کرنا مقصود ہو تو یہ عمل کریں اور اپنا مسئلہ حل ہوتے دیکھیں۔

عمل

مندرجہ ذیل تین نقوش لکھیں ایک نقش کسی وزن کے نیچے دبادیں کم از کم بیس کلو وزن ہونا چاہیئے۔دوسرا نقش طالب اپنے بازو پر باندھیں تیسرا نقش جسکی زبان بند کرنا مقصود ہے اگر ممکن ہو تو اسکو پلادیاجائے اگر پلانا ممکن نہ ہو تو قبرستان میں پرانی دوقبروں کے درمیان دفن کردیں ۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بستم زبان فلاں بن فلاں فی غرض وحق فلاں بن فلاں

زبان بندی کا جامع عمل

آپکے خلاف کوئی بول نہ سکے یہ زبان بندی کا جامع عمل ہے

اگر آپ کسی جگہ ملازمت کرتے ہیں تو دفتر میں دوسرے

آفیسر آپکے خلاف سازشیں کرتے رہتے ہوں یا آپ کے

خلاف سینئر آفیسر کو بھڑکاتے رہتے ہوں یا کچھ لوگ غلط

الزامات لگاتے رہتے ہوں یا کچھ ایسے منافق لوگ ہوں جو

بظاہر آپ کے دوست ہوں اور اندر خانے آپکی مخالفت

کررہے ہوں آپ کے خلاف سازشیں کررہے ہوں ان

سب کی زبان بندی کا یہ تیر بہدف مجرب عمل ہے ۔

عمل

مندرجہ ذیل تین نقش لکھیں ایک نقش طالب اپنے بازو پر

باندھے دوسرا نقش کسی وزن کے نیچے دبادیں تیسرا نقش

قبرستان میں پرانی دو قبروں کے درمیان دفن کردیں۔

نوٹ

جن لوگوں کا نام معلوم ہو تو انکا نام لکھنا زیادہ بہتر ہے اور جنکا نام معلوم نہ ہو تو اس جگہ پر غیر معلوم لکھ دیں۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

٦	١	٨
۷	۵	٣
٢	٩	۴

بستم زبان کل مخلوق معلوم و غیرہ معلوم فی حق فلاں بن فلاں بحق

زبان بندی کا خاص عمل

اگر کسی گھر میں نااتفاقیوں کی وجہ سے گھر کا ماحول خراب ہوچکا ہو گھر والوں کی زندگی اجیرن بن گئی ہو مثلاً اولاد والدین سے بدزبانی کرتی ہو والدین کا کہنا نامانتی ہو یا ساس بہو کی آپس میں نہ بنتی ہو ساس بہو سے بلاوجہ جھگڑا کرتی رہتی ہو یا بہو ساس کو بلاوجہ تنگ کرتی ہو یا نندیں بلاوجہ زبان درازی کرتی رہتی ہوں یا شوہر بیوی سے لڑتا رہتا ہو یا بیوی شوہر کی بات نہ مانتی ہو اور زبان دراز ہو الغرض گھر میں کوئی بھی ایسا بندہ جو زبان دراز ہو اسکی وجہ سے پورے گھر کا ماحول خراب ہوچکا ہو گھر کا سکون واپس لانے کیلئے اور مطلوبہ شخص کی زبان بندی کیلئے یہ عمل کریں اور گھر میں پُر سکون ماحول میں ہنسی خوشی رہیں۔

عمل

مندرجہ ذیل تین نقش لکھیں طریقہ استعمال پہلے بتادیا گیا ہے وہاں دیکھ لیاجائے بازو پر باندھنا وزن کے نیچے دبانا قبرستان میں دفن کرنا

نقش یہ ہے

٧٨٦

یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض	یا قابض

بستم زبان فلاں بن فلاں فی حق
فلاں بن فلاں بحق یا قابض یا قابض یا قابض یا قابض

زبان بندی کا کراماتی عمل

اگر کچھ لوگ آپ کے خلاف سازشیں کررہے ہوں بلاوجہ آپکو تنگ کررہے ہوں اور غلط الزامات لگارہے ہوں یا آپ کسی جگہ ملازمت کرتے ہیں تو سینئر افسران تنگ کرتے ہوں آپ اس عمل کو معمول میں لائیں اور حیران کُن نتائج دیکھیں جو لوگ آپ کے خلاف سازشیں کرتے ہونگیں یا آپ پر غلط ناجائز الزامات لگاتے ہونگیں وہی لوگ شرمندہ ہوکر آپ سے دوستی کرنے پر مجبور ہوجائیں گے ان شاءاللہ

عمل

ہر نماز کے بعد سورت البروج ایک بار پڑھیں سورت ختم کرنے کے بعد تین بار پڑھیں۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَ عَلٰۤى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ٘ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ۠(۷)

سورت البروج یہ ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ (۱) وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ (۲) وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ (۳)
قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ (۴) النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ (۵) اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ (۶)
وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ (۷) وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ
يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ (۸) الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ (۹) اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ (۱۰) اِنَّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ (۱۱) اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ (۱۲) اِنَّهٗ هُوَ
يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ (۱۳) وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ (۱۴) ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ (۱۵)
فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ (۱۶) هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ (۱۷) فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ (۱۸)
بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ (۱۹) وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ (۲۰) بَلْ هُوَ
قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ (۲۱) فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ (۲۲)

زبان بندی کا خاص تحفہ

اس عمل کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے یہ عمل دشمن کی زبان بندی کیلئے ننگی تلوار ہے۔

عمل

چوراہے سے گیارہ عدد کنکر اٹھانے ہیں تین راستوں سے تین تین اور ایک راستے سے دو عدد ہر ایک کنکر پر اکتالیس بار اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ اور اکتالیس بار وَ خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (۱۰۸) پڑھیں ہر بار دم لگاتے رہیں پڑھائی مکمل کرنے کے بعد ان کنکریوں کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر جسکی زبان بندی کرنی مقصود ہو اس کے گھر کی چھت پر پھینک دیں اگر مطلوبہ شخص کے گھر کی چھت پر کنکر پھینکنا ناممکن ہو تو قبرستان میں ایسی جگہ پر دفن کردیں جہاں لوگوں کی آمدورفت کم ہو یا پرانی دو قبروں کے درمیان دفن کردیں اس عمل کی برکت سے مطلوبہ شخص کی نہ صرف زبان بندی ہوگی بلکہ وہ آپکے گھر آکر خود آپ سے معافی بھی مانگے گا یہ بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے۔

حرف آخر ضرور پڑھیں

اس کتاب میں جتنے بھی اعمال دیئے ہیں صرف وہ حضرات
کرسکتے ہیں جنہوں نے ہدیہ دے کر براہ راست مجھ سے
اجازت لی ہے اگر کسی ساتھی نے یہ کتاب میری اجازت کے
بغیر اپنی طرف سے آگے کسی کو دے دی یا کتاب میں سے
کوئی بھی عمل مجھ سے [illegible] لیئے بغیر آگے کسی کو دے دیا تو
میری طرف سے دینے وا[illegible] نہ صرف صدری اعمال حصہ
دوم کے بلکہ تمام اعمال کی اجازت منسوخ ہوگی اسکا کوئی عمل
کام نھیں کرے گا اور میں نے صدری اعمال حصہ دوئم کے
اعمال میں کچھ نکات مخفی رکھے ہیں جو صرف اسکو بتائے جائیں
گے جو ہدیہ دے کر براہ راست مجھ سے اجازت لے گا اس لیئے
ساتھی میری اجازت کے بغیر کتاب آگے دینے سے احتیاط

کریں اور میری اجازت کے بغیر عمل کرنے والے ساتھی بھی
احتیاط کریں تاکہ رجعتوں سے بچ سکیں عمل توکامیاب نہیں
ہوگا ہاں رجعت کا شکار ضرور ہوسکتے ہیں کیونکہ خاص خاص
اعمال کے اصلی نکات مخفی رکھ رہا ہوں اللہ جل شانہ کی توفیق
اور مخلص دوستوں کی دعاوں سے کتاب صدری اعمال وخزینہ
حاضرات حصہ اول ودوئم تکمیل کو پہنچے دعا ہے کہ اللہ رب
العزت اسے تمام قارئین کیلئے نافع بنائے صدری اعمال وخزینہ
حاضرات حصہ اول ودوئم پڑھنے والے تمام قارئین کو اللہ
پاک حاسدین کے حسد سے دشمنوں کے شر سے محفوظ فرمائے
آمین۔